احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

ہفتہ 14 مارچ 2009ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 14 مارچ 2009ء 16 ربیع الاول 1430 ہجری 14 امان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 58

ایثار اور خودداری

ہجرت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (مکہ) اور حضرت سعد بن ربیعؓ (مدینہ) کو بھائی بھائی بنایا۔ حضرت سعدؓ نے اپنا آدھا مال حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو دینے کی پیشکش کی مگر انہوں نے کہا میں تجارت کروں گا آپ مجھے منڈی کا پتہ بتا دیں۔ چنانچہ ان کی تجارت میں اللہ تعالیٰ نے برکت ڈالی اور انہوں نے تھوڑے عرصہ میں شادی بھی کر لی۔

(صحیح بخاری کتاب البیوع باب فی قول الله فاذاقضیت الصلوٰة حدیث نمبر1907)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پس ہماری جماعت کو مناسب ہے کہ وہ اخلاقی ترقی کریں۔ کیونکہ الاستقامة فوق الكرامة مشہور ہے۔ وہ یاد رکھیں کہ اگر کوئی ان پر سختی کرے۔ تو حتی الوسع اس کا جواب نرمی اور ملاطفت سے دیں۔ تشدد اور جبر کی ضرورت انتقامی طور پر بھی نہ پڑنے دیں۔

انسان میں نفس بھی ہے اور اس کی تین قسم ہیں۔ امارہ' لوامہ' مطمئنہ' امارہ کی حالت میں انسان جذبات اور بے جا جوش کو سنبھال نہیں سکتا اور اندازہ سے نکل جاتا اور اخلاقی حالت سے گر جاتا ہے' مگر حالت لوامہ میں سنبھال لیتا ہے مجھے ایک حکایت یاد آئی جو سعدی نے بوستان میں لکھی ہے کہ ایک بزرگ کو کتے نے کاٹا۔ گھر آیا تو گھر والوں نے دیکھا کہ اسے کتے نے کاٹ کھایا ہے۔ ایک بھولی بھالی چھوٹی لڑکی بھی تھی وہ بولی آپ نے کیوں نہ کاٹ کھایا؟ اس نے جواب دیا بیٹی! انسان سے کتپن نہیں ہوتا۔ اسی طرح سے انسان کو چاہئے کہ جب کوئی شریر گالی دے تو مومن کو لازم ہے کہ اعراض کرے۔ نہیں تو وہی کتپن کی مثال صادق آئے گی۔ خدا کے مقربوں کو بڑی بڑی گالیاں دی گئیں۔ بہت بری طرح ستایا گیا' مگر ان کو اعـرض عـن ...... (الاعراف:200) کا ہی خطاب ہوا۔ خود اس انسان کامل ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت بری طرح تکلیفیں دی گئیں اور گالیاں' بدزبانی اور شوخیاں کی گئیں' مگر اس خلق مجسم ذات نے اس کے مقابلہ میں کیا کیا۔ ان کے لئے دعا کی اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کر لیا تھا کہ جاہلوں سے اعراض کرے گا تو تیری عزت اور جان کو ہم صحیح وسلامت رکھیں گے اور یہ بازاری آدمی اس پر حملہ نہ کر سکیں گے! چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضور کے مخالف آپ کی عزت پر حرف نہ لا سکے اور خود ہی ذلیل وخوار ہو کر آپ کے قدموں پر گرے یا سامنے تباہ ہوئے۔ غرض یہ صفت لوامہ کی ہے۔ جو انسان کشمکش میں بھی اصلاح کر لیتا ہے۔ روزمرہ کی بات ہے اگر کوئی جاہل یا اوباش گالی دے یا کوئی شرارت کرے جس قدر اس سے اعراض کرو گے اسی قدر اس سے عزت بچا لو گے اور جس قدر اس سے مٹھ بھیڑ اور مقابلہ کرو گے تباہ ہو جاؤ گے اور ذلت خرید لو گے۔ نفس مطمئنہ کی حالت میں انسان کا ملکہ حسنات اور خیرات ہو جاتا ہے۔ وہ دنیا اور ماسوی اللہ سے بکلی انقطاع کر لیتا ہے۔ وہ دنیا میں چلتا پھرتا اور دنیا والوں سے ملتا جلتا ہے۔ لیکن حقیقت میں وہ یہاں نہیں ہوتا۔ جہاں وہ ہوتا ہے وہ دنیا اور ہی ہوتی ہے۔ وہاں کا آسمان اور زمین اور ہوتی ہے۔

......اب آپ سوچ لیں کہ جو میرے ساتھ تعلق رکھ کر اس وعدہ عظیم اور بشارت عظیم میں شامل ہونا چاہتے ہیں کیا وہ وہ لوگ ہو سکتے ہیں جو امارہ کے درجہ میں پڑے ہوئے فسق و فجور کی راہوں پر کاربند ہیں؟ نہیں' ہرگز نہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے اس وعدہ کی سچی قدر کرتے ہیں اور میری باتوں کو قصہ کہانی نہیں جانتے' تو یاد رکھو اور دل سے سن لو۔ میں ایک بار پھر ان لوگوں کو مخاطب کر کے کہتا ہوں جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہیں اور وہ تعلق کوئی عام تعلق نہیں' بلکہ بہت زبردست تعلق ہے۔......پس ایسی صورت اور حالت میں تم خوب دھیان دے کر سن رکھو کہ اگر اس بشارت سے حصہ لینا چاہتے ہو اور اس کے مصداق ہونے کی آرزو رکھتے ہو اور اتنی بڑی کامیابی (کہ قیامت تک مکفرین پر غالب رہو گے) کی سچی پیاس تمہارے اندر ہے تو پھر اتنا ہی میں کہتا ہوں کہ یہ کامیابی اس وقت تک حاصل نہ ہو گی جب تک لوامہ کے درجہ سے گزر کر مطمئنہ کے مینار تک نہ پہنچ جاؤ۔

اس سے زیادہ اور میں کچھ نہیں کہتا کہ تم لوگ ایک ایسے شخص کے ساتھ پیوند رکھتے ہو جو مامور من اللہ ہے۔ پس اس کی باتوں کو دل کے کانوں سے سنو اور اس پر عمل کرنے کے لئے ہمہ تن تیار ہو جاؤ۔ تا کہ ان لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ جو اقرار کے بعد انکار کی نجاست میں گر کر ابدی عذاب خرید لیتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص64)

فروغ علم' ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 13 راکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس' یونیفارم' درسی کتب' کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے

کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے

کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔
2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم' کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے' ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون 047-6212473
Cell:0332-7079462,0321-7707403
Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

جماعت احمدیہ سورینام کے خلافت جوبلی پروگرام

جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 5 جولائی 2008ء کو مرکزی بیت ناصر سورینام میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا انعقاد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید، ترجمہ اور نظم کے بعد پہلی تقریر افریقن احمدی بھائی مکرم عبداللہ ولز صاحب نے ''نبی کریم ﷺ کے پاکیزہ بچپن'' کے حوالے سے کی دوسرے مقرر نے ''عبادات کا قیام'' کے حوالے سے آنحضرت ﷺ کا پاکیزہ نمونہ پیش کیا۔ ازاں بعد تیسرے مقرر نے ''اسوہ رسول ﷺ کو اپنانے کی عملی کوشش'' کے حوالے سے چند گزارشات پیش کیں۔ بعدۂ وقف نو کے بچوں نے مشہور زمانہ نعت ''بدرگاہ ذی شان'' ترنم سے پڑھی۔ آخر میں تمام حاضرین کی تواضع کی گئی۔

مقابلہ مضمون نویسی

خلافت جوبلی کے حوالے سے سورینام جماعت کو بھی انصار، خدام اور لجنہ کے مابین مضمون نویسی کا مقابلہ کروانے کی توفیق ملی۔ اس سلسلہ میں باقاعدہ ذیلی عناوین تیار کئے گئے اور شاملین کو مواد کی فراہمی اور بہتر مضمون لکھنے کے لئے ہر قسم کی مدد دی گئی۔ کل 20 مضامین موصول ہوئے، جن میں انصار کے 3 خدام کے 8 اور لجنہ اماء اللہ کے 9 مضامین تھے۔ پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامات سے نوازا گیا۔

جلسہ سالانہ

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ سورینام کو مورخہ 21 اور 22 نومبر 2008ء کو اپنا پینتیسواں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی جلسہ کی باقاعدہ تیاری اکتوبر کے مہینہ سے شروع ہوئی۔ جلسہ کے لئے ایک دیدہ زیب دعوت نامہ تیار کیا گیا جو اعلیٰ سرکاری حکام، مقتدر شخصیات، مذہبی تنظیموں اور سرکردہ اخبارات کے نمائندوں میں تقسیم کیا گیا۔ جلسہ گاہ کی تیاری وقار عمل کے ذریعہ کی گئی اور صدسالہ خلافت جوبلی کے لوگو اور مختلف بینرز سے آراستہ سادہ اور پُروقار جلسہ گاہ تیار کی گئی۔ امسال جلسہ کا موضوع ''عالمی انسانی حقوق دینی تعلیم کی روشنی میں'' تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے ہمسایہ ملک گیانا سے مکرم احسان اللہ مانگٹ صاحب مشنری انچارج جلسہ میں شمولیت کے لئے تشریف لائے۔ پہلے دن ''نظام جماعت کی اہمیت اور اطاعت'' اور ''نظام خلافت'' کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔ جلسہ کے دوسرے روز تلاوت قرآن مجید اور ترجمہ کے بعد حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام پیش کیا گیا۔ پہلی تقریر محترم فرید جمن بخش صاحب کی تھی جس میں انہوں نے قرآن مجید میں بیان کردہ انسانی حقوق کی تفصیل پیش کی اور انسانی حقوق کے قیام میں دینی تعلیم کی برتری کو ثابت کیا۔ بعد ازاں ''انسانی حقوق کے قیام میں مذہب کا کردار'' کے حوالے سے تقریر ہوئی۔ جلسہ کی تیسری تقریر محترم احسان اللہ مانگٹ صاحب مشنری انچارج گیانا کی تھی جس میں انہوں نے اسوہ رسول ﷺ کے حوالے سے انسانی حقوق کے قیام کی عملی مثالیں پیش کیں۔

اس کے بعد مہمان حضرات کو اظہار خیال کا موقعہ دیا گیا۔ سب سے پہلے بہائی مذہب کے نمائندے نے سٹیج پر آکر جماعت کا شکریہ ادا کیا کہ اتنے مفید پروگرام میں انہیں شرکت کی دعوت دی گئی پھر انسانی حقوق کے قیام کے لئے مثبت جدوجہد جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس کے بعد ملک کے نائب صدر جناب رام دین سار جو صاحب سٹیج پر تشریف لائے اور سب سے پہلے جماعت کو جلسہ کے انعقاد کی مبارکباد پیش کی اور انسانی حقوق کو جلسہ کا موضوع بنانے پر جماعت کی تعریف کی نیز برملا اس بات کا اظہار کیا کہ اس جماعت کے افراد دنیا میں امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے عملی کوششیں کر رہے ہیں اس کے بعد موصوف نے 10 دسمبر 1948ء کو اقوام متحدہ کی جانب سے منظور کئے گئے انسانی حقوق کے حوالے سے حاضرین سے خطاب کیا۔ جلسہ کے پروگرام میں ہوم منسٹر جناب موریس حسن خان صاحب کی تقریب بھی شامل تھی لیکن اپنی بیماری کے سبب پروگرام شروع ہونے سے پہلے ان کا معذرت کا فون آ گیا۔ آخر میں محترم صدر صاحب جماعت نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اختتامی دعا سے پہلے نائب صدر اور گیانا کے مربی سلسلہ کو صدسالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے خصوصی طور پر تیار کروائی گئی شیلڈ پیش کی گئی۔ نیز نائب صدر، سناتن دھرم اور بہائی مذہب کے نمائندوں کے علاوہ تین مساجد کے نمائندوں کی خدمت میں جماعتی لٹریچر پیش کیا گیا۔ اختتامی دعا کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا جسے لجنہ اماء اللہ کی ایک ٹیم نے تیار کیا تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے یہ پروگرام ہر لحاظ سے انتہائی کامیاب رہا۔ حاضرین جلسہ نے پروگرام کے نظم و ضبط اور تقریروں کے معیار کی بہت اچھے الفاظ میں تعریف کی اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔

نمائش

جلسہ کے ساتھ صدسالہ خلافت جوبلی کے سال میں عالمگیر جماعت احمدیہ کی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا اور خاص طور پر مختلف ملکوں کے جلسہ ہائے سالانہ جن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس شمولیت فرمائی ان کی تصاویر شامل کی گئیں۔ تمام حاضرین نے نمائش کو دیکھا اور خاص طور پر غیر از جماعت دوستوں نے جماعت کی ترقی پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ اس موقعہ پر ایک بک سٹال بھی لگایا گیا بڑی تعداد میں لوگوں نے جماعت کی طرف سے شائع شدہ قرآن مجید کا ڈچ ترجمہ اور مختلف کتب دیکھیں اور انہیں خریدا بھی۔ مقامی ٹی وی کے نمائندے نے پروگرام کی ریکارڈنگ کی اور 15 منٹ دورانیہ کی خبر نشر کی۔ خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے صدسالہ خلافت جوبلی کے بابرکت اور یادگار سال میں جماعت کا یہ جلسہ حاضری کے اعتبار سے بھی ایک کامیاب جلسہ رہا جس میں 260 سے زائد افراد شامل ہوئے۔

میڈیا

2008ء کے جلسہ سالانہ برطانیہ میں سورینام کا چھ رکنی وفد شامل ہوا واپسی پر شاملین نے اپنے تاثرات اور جماعت کی عالمگیر ترقی کے حوالے سے اخباری نمائندے کو آگاہ کیا یہ خبر ملک کے سب سے کثیر الاشاعت روزنامے De Ware Tijd میں 26 اگست 2008ء کو شائع ہوئی۔ اسی روزنامے میں مورخہ 17 اکتوبر 2008ء کو بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کی خبر تصویر کے ساتھ شائع ہوئی۔

تمام قارئین سے سورینام کی جماعت کے لئے خاص دعاؤں کی درخواست ہے۔

☆.☆.☆

تعارف

2008ء کے پاکستانی اخبارات میں
جماعت احمدیہ کی مخالفت میں شائع ہونے والی خبروں کا جائزہ

(از: پریس سیکشن نظارت امور عامہ)

کسی بھی ملک کی ترقی میں ذرائع ابلاغ ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان ذرائع میں خاص طور پر پریس شامل ہے جس کی موجودہ زمانہ میں اہمیت سے انکار مشکل ہے۔ پاکستان میں دیگر ذرائع ابلاغ کے ساتھ ساتھ پریس نے بھی بہت ترقی کی ہے اور یہ ذریعہ رائے عامہ کو صحیح سمت اور سیدھے رخ پر چلانے میں مدد و معاون ہوتا ہے۔ لیکن اعلیٰ اور مثبت رویوں کے فروغ کی بجائے پاکستانی پریس بعض معاملات میں منفی ڈگر پر چل نکلا ہے اور پاکستانی مسائل کو حل کرنے سے قاصر ہے۔ ایسی صورتحال میں ذرائع ابلاغ بالخصوص پریس میڈیا سے ذمہ دارانہ کردار کی توقع کی جا سکتی ہے اور صرف ذرائع ابلاغ ہی ہیں جو اس موقع پر مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن پریس کا جماعت احمدیہ کے ساتھ رویہ ہمارے اس خیال کی نفی کرتا ہے۔ یہ امید اور توقع ایک حسرت کا روپ اختیار کر چکی ہے۔

جماعت احمدیہ کے ساتھ پریس اور میڈیا کے سلوک پر مبنی اعداد و شمار اور پاکستان کے اردو اخبارات میں جماعت کے خلاف بغیر تحقیق کے خبروں کی اشاعت کے حوالے سے نظارت امور عامہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان کے پریس سیکشن کی طرف سے ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے جس میں 2008ء میں شائع ہونے والی خبروں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کی سو سال سے زائد عرصہ کی تاریخ گواہ ہے کہ یہ ایک پُرامن جماعت ہے، امن کی خواہاں اور اس کے لئے کوشاں رہنے والی ہے۔ قانون کی پاسداری اس کا طرہ امتیاز ہے، صلح جوئی اور باہم رواداری اس کا شعار ہے۔ ایسی جماعت کے خلاف کوئی بیان دینا ظلم کے مترادف ہے۔

اس رپورٹ میں پاکستان کے اردو اخبارات میں جماعت احمدیہ کے خلاف شائع ہونے والی خبروں کا اعداد و شمار اور موضوعاتی اعتبار سے جائزہ لیا گیا ہے۔ مختلف قومی اخبارات میں گزشتہ سال میں ایک ہزار سے زائد خبریں شائع کی گئیں اور یہ جائزہ چند اردو اخبارات پر مشتمل ہے جو پنجاب میں شائع ہوتے ہیں۔ خبروں کے موضوعاتی جائزے میں بعض اہم خبروں کے تراشے، تفصیلات اور ان من گھڑت خبروں کی وجہ سے احمدیوں کو پہنچنے والے نقصان کے بارے میں تفصیل درج ہے۔ اس کے علاوہ الیکٹرانک میڈیا کے جماعت کے خلاف پروپیگنڈے کو بھی موضوع بنایا گیا ہے۔ بعض نجی چینلز کے پروگراموں پر تبصرہ کیا گیا ہے اور اس کے خلاف اخبارات کے تراشے لگائے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں غیروں کی طرف سے لگائے جانے والے بعض بے بنیاد الزامات پر مبنی خبریں اور ان کی تفصیل بھی شامل ہے۔ اس تمام بے بنیاد اور منافرت پر مشتمل خبروں کے باوجود جماعت احمدیہ نے ہمیشہ صبر کا دامن تھامے رکھا اور کبھی بھی قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش نہیں کی اور محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں کا ہی ہمیشہ پیغام دیا ہے۔

(ایف شمس)

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

برطانیہ کے ہاؤسز آف پارلیمنٹ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے اعزاز میں تقریب

حضور کے روح پرور خطاب پر ممبران پارلیمنٹ، وزراء، مختلف ممالک کے سفراء اور دیگر معززین کا اظہار خیال

مرتبہ: مکرمہ حامدہ سنوری فاروقی صاحبہ

پٹنی کے علاقہ کی ممبر آف پارلیمنٹ جسٹین گرینِنگ کی طرف سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں برطانیہ کے ہاؤسز آف پارلیمنٹ میں منعقد ہونے والی تاریخی تقریب میں 22/ اکتوبر 2008ء کو ممبران پارلیمنٹ، مختلف ممالک کے سفراء اور حکومتی وزراء اور دیگر معززین سے حالات حاضرہ کے تناظر میں نہایت پُرحکمت اور بصیرت افروز خطاب پر ان کے تاثرات بیان کئے جاتے ہیں۔

محترمہ ہیزل بلیئرز کی تقریر

حضور انور کے خطاب کے بعد محترمہ ہیزل بلیئرز (Hazel Blears) سیکرٹری آف سٹیٹ For Communities & Local Government نے حضور انور کے خطاب کے لئے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مَیں نہایت سچائی سے کہہ سکتی ہوں کہ مَیں نے اس خطاب کو بہت متأثر کرنے والا پایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب جو یہاں موجود ہیں بہت خوشی سے مزید وقت تک آپ کے خطاب کو سن سکتے تھے۔ کیونکہ جو امور آپ نے بیان کئے وہ آج کے زمانہ کے لئے نہایت ضروری، نتیجہ خیز اور ولولہ انگیز ہیں اور جن مسائل کی طرف آپ نے نشاندہی فرمائی وہ انسانیت کے لئے بہت بڑا چیلنج ہیں۔

انہوں نے حضور کے خطاب کو مزید سراہتے ہوئے کہا کہ اس قسم کا خطاب سیاستدان بہت کم کر سکتے ہیں اور اس قدر متأثر کرنے والی تقریر بہت کم سننے میں آتی ہے۔

اپنا تعارف کرواتے ہوئے محترمہ ہیزل بلیئرز نے اپنے شعبہ کا تذکرہ کیا اور کہا کہ مَیں دو حیثیتوں سے حاضر ہوئی ہوں۔ پہلے مَیں نے اپنے شعبہ کی نمائندگی کی مگر دوسری اور زیادہ اہم وجہ یہ ہے کہ مَیں وزیر اعظم برطانیہ کے نیک جذبات آپ تک پہنچانے کے لئے حاضر ہوئی ہوں۔ وہ اگر خود آج شامل ہو سکتے تو انہیں بے حد خوشی ہوتی مگر انہوں نے مجھے خاص ہدایت دی کہ مَیں یہاں آ کر ان کی طرف سے آپ کو (حضور انور کو) خوش آمدید کہوں اور جو ممبران پارلیمنٹ یہاں اتنی بڑی تعداد میں شریک ہو رہے ہیں انہیں اور تمام سماجی راہنماؤں کو بھی خوش آمدید کہوں۔

محترمہ ہیزل بلیئرز نے کہا کہ مَیں وزیر ہوں اور میرے شعبہ کا کام ہے کہ ملک بھر میں پھیلے ہوئے معاشرہ کے جتنے بھی گروہ ہیں خواہ ان کا کوئی بھی مذہب ہو یا وہ کسی بھی شعبہ حیات سے تعلق رکھتے ہوں اپنے اپنے دائروں میں جو بھی امور ان کے لئے اہمیت کے حامل ہیں ان کا خیال رکھتے ہوئے ہم وہ اقدار اپنائیں جو ہمیں یکجہتی عطا کریں۔ اور ہم مل بانٹ کر ان اقدار کے ساتھ زندگی کی گاڑی چلائیں۔

محترمہ ہیزل بلیئرز نے کہا کہ جو مختصر پیغام مَیں آپ کو دینا چاہوں گی وہ یہ ہے کہ آپ کے اصول ہم سب کے لئے بہت اہم ہیں ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' آپ کا یہ نہایت مصفّٰی اور سیدھا صاف اصول ہے جو تمام اعلیٰ اقدار کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مَیں بہت سے سماجی گروہوں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی اور مختلف طبقات فکر سے ملنے کا موقع ملتا رہتا ہے اور پتہ چلتا ہے کہ ان تمام کا دائرہ کار یا معاشرت کسی قسم کی بھی ہو ان سب کی تمناؤں کی سمت ایک ہی ہے یعنی قیام امن، انسانی ہمدردی، مساوات اور ایک دوسرے کی اقدار کا احترام۔

انہوں نے کہا کہ یہ باتیں الفاظ میں کہنا تو آسان ہے مگر عملاً بہت مشکل۔ اس سمت میں ہم سب کوشش تو کرتے ہیں اور کبھی کامیابی بھی حاصل ہو جاتی ہے اور کبھی ہم ٹھوکر بھی کھا جاتے ہیں۔

حضور انور سے مخاطب ہو کر انہوں نے کہا کہ جو الفاظ آپ نے ظالم کی مدد کرنے کے بارہ میں کہے وہ بہت اہم ہیں کیونکہ معاشرہ میں جو غلطی خوردہ ہوں ان کو روکنا بھی بہت ہی امید افزا ہے کیونکہ مَیں یقین رکھتی ہوں کہ انسانوں میں اپنے آپ کو بدلنے کی اہلیت موجود ہوتی ہے۔

محترمہ نے حضور سے مخاطب ہو کر کہا کہ آپ کے حوصلے کی وسعت اور گہرائی اور صبر کے ساتھ اخلاقی اقدار کے قیام کے لئے کوشش کرتے چلے جانا ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے۔ جو کام ہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں وہ بہت بڑا چیلنج ہے اور اس میں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خیال میں تمام ممبران پارلیمنٹ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی کے لیڈر میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ جن نظریات کا آپ نے ذکر کیا ہے وہ بہت قابل قدر اور قابل عمل نظریات ہیں اور جب ہمیں روحانی راہنمائی اور ولولے ان لوگوں سے ملتے ہیں جن کا یقین محکم بنیادوں پر چُنا ہوتا ہے تو ان کے نمونہ میں ہمیں زندگی کے نئے ولولے، لگن، حوصلے اور ذوق عطا ہوتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ آج کے زمانہ میں ہم کوشش کرتے ہیں کہ جو لوگ اقتصادی پریشانی میں مبتلا ہیں اپنے مکانوں، ملازمتوں اور کاروبار کے سلسلہ میں ہم انہیں سہارا دے سکیں۔ مگر اصل بنیاد تو وہ اصول ہیں جو معاشرے کو مضبوطی عطا کرتے ہیں۔ اگر ہم ان اصولوں سے انحراف کریں تو زندگیوں میں ناقابل حل مسائل کا سامنا ہوگا۔

انہوں نے محترمہ جسٹین گرینِنگ کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس تقریب کا انعقاد کیا اور M.P. Tony Coleman کا ذکر بھی کیا کہ وہ ان سے پہلے اس علاقہ کے ممبر آف پارلیمنٹ تھے اور اپنے علاقہ میں رہنے والے احمدیوں کے بہت معترف تھے۔

محترمہ وزیر نے مسکرا کر کہا کہ آج اس تقریب میں ہر سیاسی جماعت کے نمائندے نظر آ رہے ہیں اور یہ اس بات کی علامت ہے کہ ہمارے معاشرہ کی عمارت کو بہت سی باہمی اقدار نے مضبوط بنیادوں پر کھڑا کیا ہوا ہے جس سے آزادئ خیال کی نہایت خوش آئند تصویر سامنے آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ آزاد عوام کی حکومت کا صدر مقام ہے اور مَیں عوام کی آزاد حکومت کی طرف سے آپ کا خیر مقدم کرتی ہوں اور بہت خوش ہوں کہ آپ یہاں تشریف لائے۔

محترمہ جلین میرن جو وزارت خارجہ میں نئی وزیر بنی ہیں انہیں مخاطب ہو کر محترمہ ہیزل بلیئرز نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ آپ بھی آج کی اس تقریب میں شامل ہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ آپ مختلف گروہوں کی فلاح کے لئے کوشاں رہیں گی۔ نہ صرف اس ملک میں بلکہ تمام دنیا میں باہمی یکجہتی کے کاموں میں پیش رفت کر سکیں گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ شدید مصروفیات میں سے کچھ لمحے نکال کر ان اعلیٰ اقدار کو سمجھنا ایک قابل قدر خزانہ ہے اور حضور انور کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خاص طور پر ان اصولوں اور اقدار کو جن کا آپ نے یہاں بیان فرمایا ہے سننا اور سمجھنا واقعی خزانہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

جناب ڈومینک گریو کی تقریر

محترمہ ہیزل بلیئرز کے بعد جناب ڈومینک گریو (Rt Hon.Dominic Grieve M.P.) نے آج کی تقریب کے انعقاد پر خوشی کا اظہار کیا۔ ڈومینک گریو بیکنز فیلڈ کے حلقہ کے ممبر آف پارلیمنٹ ہونے کے علاوہ حزب اختلاف کی طرف سے Shadow وزیر داخلہ اور اور شیڈو اٹارنی جنرل ہیں۔

انہوں نے اپنی تقریر شروع کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم جماعت احمدیہ کی میزبانی کا شرف حاصل کر رہے ہیں جبکہ اکثر وہ ہماری مہمان نوازی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ کے سالانہ جلسہ میں احمدی آبادی میں سے 75 سے 80 فیصد لوگ حاضر ہوتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ احمدی جتنی بڑی تعداد میں اپنے جلسہ سالانہ میں شرکت کرتے ہیں سیاسی جماعتوں میں اس قسم کے جذبہ شرکت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

جناب ڈومینک گریو نے کہا کہ آپ کی جماعت کے مثبت جذبوں نے مجھے بہت متأثر کیا ہے۔ زندگی کے ہر میدان میں آپ کے ممبران خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سول سروس، آرمی، قانونی، میڈیکل اور کاروباری ہر محکمہ میں جماعت کے افراد خدمات سرانجام دیتے نظر آتے ہیں جس کی وجہ آپ کا یہ نظریہ ہے کہ کھلے دل سے خیالات کے تبادلے ہوں اور اس طرح باہمی معاملات میں مفاہمت ہو اور تعاون سے کام کئے جائیں۔

انہوں نے کہا کہ حضور انور نے اپنے خطاب میں جو بین المذاہب گفت وشنید کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے اور دینی تعلیمات کی جو متناسب عملی صورت آپ کی زندگیوں میں نظر آتی ہے وہ معاشرہ کے لئے بہت مفید ہے۔

انہوں نے شکریہ ادا کیا کہ انہیں موقع دیا گیا کہ وہ آج کی تقریب میں میزبانی کا شرف حاصل کر سکیں۔ جماعت کو صد سالہ خلافت جوبلی کی مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاہب کی ہم آہنگی کی جو مثال آپ نے قائم کی ہے وہ بہت خوش آئند اور اُمید افزا ہے۔ اس لئے ہم بہت خوشی محسوس کرتے ہیں کہ جماعت کے مرکزی دفاتر آپ نے یہاں قائم کئے ہیں ہم محسوس کرتے ہیں کہ جس طرح آپ نے پُرامن یکجہتی کی مثال ہمارے سامنے قائم کی ہے ہم سب ان ہی بنیادوں پر معاشرہ کی تعمیر کر سکتے ہیں اور اپنی آنے والی نسلوں کے لئے ایک پُرامن معاشرہ کی امید کر سکتے ہیں۔

جناب ایلن کین کی تقریر

اس کے بعد Felthum & Heston کے ممبر پارلیمنٹ جناب ایلن کین نے تقریر کی۔ سب سے پہلے انہوں نے بتایا کہ اسی روز (22؍اکتوبر 2008ء) صبح کے وقت انہیں وزیراعظم کی طرف سے ای میل کے ذریعہ پیغام ملا جسے انہوں نے پڑھ کر سنایا۔

وزیراعظم برطانیہ جناب گورڈن براؤن کا پیغام

وزیراعظم نے ایلن کین صاحب کو مخاطب کر کے لکھا۔

مَیں آپ کو پیغام بھجوا رہا ہوں کہ اظہار کر سکوں کہ مجھے کس قدر افسوس ہے کہ آج مَیں آپ کے ساتھ اس تقریب میں شرکت نہیں کر سکوں گا جہاں آپ جماعت احمدیہ کے احباب کے ساتھ شریک ہوں گے۔ مَیں امید رکھتا ہوں کہ آپ اور محترمہ ہیزل بلیئرز میری اور تمام لیبر تنظیم کی طرف سے خلافت جوبلی کے موقع پر پیغام تہنیت اور خیر مقدم کے جذبات حضور انور حضرت مرزا مسرور احمد تک اور ان کی معرفت 176 ممالک میں قائم جماعت ہائے احمدیہ کے افراد تک پہنچا دیں۔

جماعت احمدیہ برطانیہ قیام امن ،معاشرتی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی کاوشیں نہ صرف ملک بھر میں بلکہ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی جاری رکھ رہی ہے۔

مَیں امید کرتا ہوں کہ آپ اور محترمہ ہیزل مجھے جماعت احمدیہ برطانیہ کی کامیابیوں سے مطلع رکھیں گے۔

براہ مہربانی تمام حاضرین کو میرے جذبات تشکر اور تحسین پہنچا دیں اور ان کے ذریعہ تمام احمدیوں تک بھی جو ملکی زندگی میں قابل قدر حصہ لے رہے ہیں۔

بہترین تمناؤں کے ساتھ: گورڈن

جناب ایلن کین نے وزیراعظم برطانیہ کا پیغام پڑھ کر سنانے کے بعد کہا کہ آخر میں مَیں مختصراً چند الفاظ کہنا چاہوں گا۔ ہمارے جو بھی سیاسی اختلافات ہیں آج کی محفل میں ان پر یکجہتی کی روشنی پڑتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ مجھے علم ہے کہ کیوں اتنی بھاری تعداد میں مختلف سیاسی حلقوں سے اور مختلف ایوانوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات یہاں اکٹھی ہوئی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جماعت احمدیہ کے ممبران سے انہیں اپنے اپنے علاقوں میں تعارف حاصل ہوا ہے اور قیام امن کے لئے اس جماعت کی نہایت استقلال سے مسلسل ہونے والی کوششوں سے متاثر ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسی وجہ سے ہم سب ممبران جماعت کی کوششوں کو سراہتے ہیں اور تعاون کی پیشکش کرتے ہیں۔ انہوں نے حضور انور کو خلافت جوبلی کے حوالہ سے مبارکباد دی اور تقریب کے انعقاد پر جسٹین گرینگ صاحبہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔

لبرل ڈیموکریٹک پارٹی لیڈر کی تقریر

اس کے بعد سائمن ہیوز نے جو لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر ہیں تقریر کی۔

انہوں نے سب سے پہلے اس چیز کا ذکر کیا کہ انہیں جماعت احمدیہ برطانیہ کے جلسہ سالانہ میں شرکت کا موقع مل چکا ہے اور وہ ہزاروں ممبران کے اجتماع سے متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مَیں تین امور کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔

اوّل تو یہ کہ جس چیز نے مجھے آپ کی جماعت کے بارہ میں متاثر کیا ہے وہ یہ ہے کہ آپ ہمیشہ بہت ہی کھلے دلوں کے ساتھ دوسروں کو اپنے ساتھ ملاتے ہیں ۔ یہ درست ہے کہ برطانیہ نے آپ کو یہاں شہریت دی ہے مگر آپ کی جماعت کے افراد نے اپنے آپ کو ایک تنگ نظر حلقہ بند گروہ نہیں بنایا بلکہ انہوں نے جو طرز زندگی اپنایا ہے اس سے زندگی کی لہریں ہر سمت بلند ہوتی رہی ہیں۔ مختلف پارٹیوں کے مابین اور ان کی زندگیوں کے اندر ایک حیات افزا برقی رَو کی طرح پھیلی ہیں جہاں بھی آپ لوگ آباد ہوئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح باہمی یکجہتی سے مل جل کر رہنا بہترین طریقہ ہے جس سے غلط فہمیوں اور تعصّبات کے تدارک کا عمل وجود میں لایا جا سکتا ہے۔ اس کے لئے مَیں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔

انہوں نے کہا کہ دوسری بات جو مَیں کہنا چاہوں گا یہ ہے کہ لندن کا ممبر پارلیمنٹ ہونے کی حیثیت سے مَیں اور دوسرے ممبران پارلیمنٹ فخر محسوس کرتے ہیں کہ ہم ایک Cosmopolitan شہر کے رہنے والے ہیں جہاں مختلف قوموں کے باشندے مل کر زندگی بسر کرتے ہیں ۔ بلکہ شاید دنیا بھر میں سب سے زیادہ تعداد میں یہاں مختلف نسلوں اور قومیتوں کے لوگ رہتے ہیں ۔ اس لئے یہ امر بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ ہم دنیا میں امن کے ساتھ مل جل کر رہنا سیکھیں۔ یہاں دنیا بھر کے مذاہب کی نمائندگی ہے ۔ آپس میں ہم ایک دوسرے سے سبق حاصل کر سکتے ہیں کہ کس طرح زندگیاں گزارنی چاہئیں۔ اس ذریعہ سے ہمیں نمونۃً دکھانا ہوگا کہ بہترین ہم آہنگی کا طریق کیا ہے۔ سب سے بہترین معاشرہ وہی ہے جہاں ایک دوسرے کے احساسات اور اعتقادات کے لئے دلوں میں عزت اور احترام ہو جس کا اظہار عملی صورت میں بھی ہو کہ ہر شخص آزادی محسوس کرے کہ وہ اپنی تعلیم و تدریس ، عبادت اور اپنے خیالات کی تشہیر آزادی سے کر سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں ہمیں جو مراعات حاصل ہیں وہ ہمارے لئے بہت بڑا اعزاز ہیں ۔

تیسری بات جو مَیں کہنی چاہتا ہوں یہ ہے کہ ہم آج آپ کی خلافت جوبلی منانے کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں تو ہمیں یہ احساس ہے کہ انسانی حقوق اور مذہبی آزادی دنیا میں سب کو حاصل نہیں ہیں ۔ پاکستان میں اور بعض دوسرے ممالک میں مکمل آزادی تمام افراد کو نہیں ہے کہ وہ اپنے چنیدہ مذہب پر آزادی سے عمل پیرا ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اتنی بڑی تعداد میں مختلف حلقہ ہائے فکر کے نمائندے جو یہاں جمع ہوئے ہیں یہ بھی اس کا غماز ہے کہ یہ احساس بہت واضح طور پر موجود ہے کہ ہمیں مل جل کر کوششیں کرنی ہوں گی کہ آزادی کو دنیا میں رواج دیا جائے تا کہ آپس میں تبادلہ خیالات سے ایک دوسرے سے سیکھنے کا میدان کھلا رہے۔

انہوں نے کہا کہ آپ کی صد سالہ خلافت جوبلی کے موقع پر ہم از سر نو اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ کوششیں تیز کریں گے تا کہ دنیا میں تمام لوگ آزادی سے رہ سکیں۔

لارڈ ایوبری کی تقریر

تقریب کے اختتام پر لارڈ ایوبری نے تقریر کی۔

انہوں نے حاضرین کو ’’السلام علیکم‘‘ کا تحفہ پیش کیا اور کہا کہ یہ میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ اس تقریب میں مجھے شکریہ کے کلمات کہنے کا موقع دیا گیا ہے۔ انہوں نے حضور انور کے خطاب کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس قدر شاندار خطاب کے لئے مَیں حضور انور کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں نے بھی خراج تحسین پیش کیا ہے مگر مَیں مزید کہنا چاہوں گا کہ اس خطاب میں جو نشاندہی حضور انور نے اخلاقی اقدار کی طرف فرمائی ہے وہ بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔

انہوں نے کہا کہ جلین میرن (محکمہ خارجہ کی وزیر) نے بھی کہا کہ وزارت خارجہ کے کاموں کی بنیاد بھی ان ہی عوامل پر ہے کہ برابری کے ساتھ سب کو حصہ ملے، انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کے حوالہ سے بھی۔

انہوں نے کہا کہ حضور انور نے اپنے خطاب میں اختلافات اور تصادم سے بچنے کے لئے جو امور بیان فرمائے ہیں اور اختلافات کے جو حل حضور نے ہمارے سامنے رکھے ہیں وہ وزارت خارجہ کے لئے بھی بہت اہم نکات ہیں کہ کس طرح اختلافات سے نپٹا جا سکتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہم دنیا میں بہت سی جگہوں پر اختلافات اور تصادم کی روک تھام کے لئے کام کر رہے ہیں جن میں سے بعض مسائل مساوی انسانی حقوق کا نہ حاصل ہونا بھی ہے۔ انہوں نے صدر ضیاء الحق کے نافذ کردہ بعض قوانین کا ذکر کیا کہ توہین رسالت کے نام پر قوانین نافذ کر دئے گئے تھے جن سے احمدیوں کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم کیا گیا۔ اور یہ قوانین اب جبکہ عوامی حکومت کا قیام ہو چکا ہے اب بھی اسی طرح نافذ کئے جاتے ہیں۔

انہوں نے بنگلہ دیش میں جماعت کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ بہت سی اقدار وہ ہیں جن پر ہم بھی یقین رکھتے ہیں۔ اس لحاظ سے ہمارے لئے یہ سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ بعض لوگ ان اعلیٰ اقدار کی مخالفت کرتے ہیں حالانکہ یہ تو وہ اقدار ہیں جن سے مختلف قومیتیں اور مذاہب مل کر امن سے رہ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بحیثیت عوام بھی اور وزارت خارجہ کے ذریعہ سے بھی دنیا بھر میں مساوی انسانی حقوق کے قیام کے لئے کوششیں کر رہے ہیں ۔

انہوں نے کہا جیسا کہ میرے دوسرے ساتھیوں نے بھی اظہار کیا ہے کہ ہم جماعت احمدیہ کے افراد کا اس ملک میں رہائش پذیر ہونا اپنے لئے نہایت خوش کن سمجھتے ہیں۔ ان سے مل کر ہمیں اس بات کی یاددہانی ہوتی ہے کہ ہمیں دنیا میں دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر مساوی انسانی حقوق اور انسانی آزادی کے لئے کوشاں رہنا چاہئے اور دنیا میں جو اختلافات تصادم کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اس کا سد باب کرنا چاہئے۔

لارڈ ایوبری (جو لبرل ڈیموکریٹ پارٹی کے بااثر راہنما رہے ہیں 1971ء سے ہاؤس آف لارڈز کے اہم ترین ممبر ہیں اور جماعت احمدیہ برطانیہ سے اچھے تعلقات رکھتے ہیں) نے حضور انور سے مخاطب ہو کر کہا کہ آپ کے حکمتوں سے بھرے ہوئے الفاظ اور نصائح کے لئے ہم آپ کے بیحد ممنون ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ ہم سب اپنی زندگیوں میں ان سے صحیح رنگ میں فائدہ اٹھا سکیں گے۔ شکریہ کے ساتھ انہوں نے تقریر کو ختم کیا۔

حضور انور کی طرف سے معزز شخصیات کو تحائف

اس کے بعد حضور انور کی طرف سے معزز شخصیات کو یادگاری تحائف پیش کئے گئے جس کے بعد محترمہ جسٹین گرینگ نے حضور انور کی خدمت میں یادگاری تحفہ پیش کیا اور بتایا کہ یہ ایک گھڑی ہے جس پر ہاؤس آف پارلیمنٹ کا نشان (Logo) کندہ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آج کی اہم تقریب کی یادگار کے طور پر انہوں نے یہ تحفہ چنا ہے۔

اس کے بعد مختلف شخصیات نے حضور انور کے ساتھ گروپ فوٹو بنوائے۔ جس کے بعد کئی اہم شخصیات کا حضور انور سے تعارف کروایا گیا۔

بعض اہم شخصیات کے تبصرے

کینیڈا کے ہائی کمشنر ہز ایکسی لینسی مسٹر جیمز رائٹ نے تبادلہ خیال کے دوران حضور انور کو خلافت جوبلی کی مناسبت سے مبارکباد پیش کی۔ اور جماعت کے ممبران کی کینیڈا میں موجودگی پر بہت خوشی کا اظہار کیا کہ آپ کے جو اصول ہیں تمام انسانوں کے لئے احترام اور

روا داری وہ ہم سب کے لئے بھی بہت اہم ہیں۔

جن شخصیات کا اس کے بعد حضور انور سے تعارف کروایا گیا ان میں چند درج ذیل ہیں۔

- ...... Rt.Hon. James Plaskitt M.P. of Leamington Spa.
- ...... یوگنڈا کے ہائی کمشنر۔
- ...... گھانا کے ہائی کمشنر۔
- ...... ثقافتی اتاشی امریکن ایمبیسی۔ انہوں نے حضور انور کو بتایا کہ انہوں نے انتظامیہ سے درخواست کی ہے کہ حضور انور کے خطاب کی کاپی انہیں بھجوائی جائے۔ تاکہ وہ سفیر امریکہ کو بھی حضور کے پیغام سے متعارف کرواسکیں۔
- ...... پروفیسر مائیکل Fosdal صاحب۔
- ...... Mr. Rowan Laxton۔ یہ امور خارجہ اور کامن ویلتھ کے دفاتر سے نمائندہ تھے۔ انہوں نے بعض امور پر حضور انور سے تبادلہ خیال کیا۔

اس موقع پر MTA کے نمائندگان نے بعض شخصیات کے انٹرویو بھی لئے۔ ان میں ڈیوڈ کیلاہین جو سٹن (Sutton) کے علاقہ کے ڈپٹی میئر ہیں اور بفضل اللہ تعالیٰ مخلص احمدی ہیں۔ اس کے علاوہ سیرالیون کے ہائی کمشنر His Exell: Melvin Chalobah شامل تھے۔

اس کے علاوہ کاؤنسلر پیٹر ساؤتھ گیٹ جو بیت الفتوح کے علاقہ کے کونسلر ہیں ان سے ان کے خیالات بھی پوچھے گئے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ نے بیت الفتوح کے علاقہ میں ہمسایوں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے ایک رابطہ کمیٹی تشکیل دی تھی اور یہ کام انہوں نے بیت الفتوح کا سنگ بنیاد رکھنے سے بھی پہلے کیا تھا۔ اس فراست کے لئے مَیں جماعت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہ بہت عقلمندانہ قدم تھا۔ اب کمیٹی کو قائم ہوئے تقریباً دس سال ہو رہے ہیں اور انہوں نے ہمسایوں سے بہت اچھے تعلقات رکھے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بہت ہی اچھا ہوتا اگر دوسرے تمام گروپ بھی اسی طرح فراخدلی کا مظاہرہ کرتے۔ اور ان میں بھی اس قسم کا جذبہ پایا جاتا کہ دین کی اعلیٰ تصویر ارد گرد پھیلائی جائے کہ دین کی تعلیمات کس قدر موزونیت اور تناسب رکھتی ہیں اور امن اور محبت کا پرچار کرتی ہیں۔

اس کے بعد ہائی کمشنر آف کینیڈا سے اس تقریب کے حوالہ سے ان کے جذبات پوچھے گئے تو انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے حضور انور کا خطاب سنا وہ اس چیز کو اپنے لئے اعزاز سمجھ رہے تھے کہ انہیں یہ موقع میسر آیا۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں بیس ہزار احمدی رہتے ہیں اور ہمارے لئے خوشی کا باعث ہے کہ جو اصول آپ احمدیوں نے اپنا رکھے ہیں یعنی روا داری، باہمی افہام و تفہیم، ایک دوسرے کے جذبات کا احترام، وہ ہمارے اصول بھی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ حضور کا خطاب قیام امن کے لئے بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ تمام انسانوں کے لئے محبت کا پیغام اور نفرتوں سے دُوری نہایت امید افزا پیغام ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام دنیا میں لوگ اس پیغام کو سنیں گے اور دلوں میں جگہ دیں گے۔ اس زمانہ میں جبکہ دنیا کو اس قدر مسائل کا سامنا ہے سب کو چاہئے کہ اس اخلاق اور روحانی خزانہ کی قدر کریں اور مثبت اقدار کو تعاون مہیا کریں۔

برطانوی پارلیمنٹ کے احاطہ میں نمازوں کی ادائیگی

تقریب کے آخر پر حضور انور نے پارلیمنٹ کے احاطہ میں نماز ظہر و عصر باجماعت پڑھائیں جس کے لئے باقاعدہ صفیں بچھا دی گئی تھیں۔ یہ بھی نہایت روح پرور، ایمان افروز نظارہ تھا اور تاریخ ساز بھی۔

برطانوی پارلیمنٹ کی عمارت کا دورہ

ادائیگی نماز کے بعد محترمہ جسٹین گریننگ نے حضور انور کو پارلیمنٹ کی عمارت کا دورہ کروایا۔ حضور انور کو وہ عالیشان ہال بھی دکھایا گیا جو سارے یورپ میں اپنی طرز کا نادر ہال ہے۔ 1881ء تک اس ہال میں بادشاہوں کی رسم تاجپوشی کی تقریب منعقد کی جاتی تھی۔ بہت بڑے بڑے مقدمات کی سماعت بھی یہاں کی جاتی تھی۔

1605ء میں اس ہال میں Guy Fawkes پر بھی مقدمہ چلایا گیا تھا جس نے پارلیمنٹ کی عمارت کو آگ لگا کر تباہ کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس واقعہ کی یاد میں آج تک برطانیہ میں Guy Fawkes Night منائی جاتی ہے اور پھلجھڑیاں اور پٹاخے چلا کر پارلیمنٹ کے خلاف کی جانے والی کارروائی کے ناکام ہونے کا تماشا کیا جاتا ہے۔

پارلیمنٹ کی عمارات کا دورہ کرتے ہوئے حضور انور نے St.Stephen's Hall، Central Members Lobby اور چیمبر بھی دیکھے۔ چیمبر میں اس وقت ایک قانونی بل کی سماعت ہو رہی تھی۔

اس کے بعد بعض ممبران پارلیمنٹ سے حضور انور کی ملاقات کروائی گئی جن میں Rt. Hon. Nick Clegg جو لبرل ڈیموکریٹ پارٹی کے لیڈر ہیں اور لارڈ بشپ نذیر علی شامل تھے۔

ساڑھے چار گھنٹے یہ تقریب جاری رہی۔ تقریباً پانچ بجے شام حضور انور Port Cullis House کے دروازہ کی طرف سے باہر تشریف لائے اور محترمہ جسٹین گریننگ جنہوں نے اس تقریب کا انعقاد کیا تھا نے حضور انور کو خدا حافظ کہا۔ یوں یہ نہایت اہم تاریخ ساز تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

(الفضل انٹرنیشنل 9رجنوری 2009ء)

مکرم محمد افضل متین صاحب

کتب کی اشاعت کے لئے ضروری و اہم مراحل

مفید کتب کی تصنیف کرنا سعادتمندی اور صدقہ جاریہ ہے۔ حضرت مسیح موعود نے بھی بکثرت کتب تصنیف فرمائی ہیں۔ اسی طرح آپ کے خلفاء نے بھی متعدد کتب تصنیف فرمائیں اور علماء سلسلہ بھی اس بابرکت کام کو نہایت خوش اسلوبی اور محنت سے انجام دیتے چلے آرہے ہیں اور آئندہ اس کام کو آگے بڑھاتے چلے جائیں گے۔

کوئی بھی ضخیم کتاب جو بنی نوع کے فائدہ کیلئے چھاپی جاتی ہے وہ مصنف کی تمام تر ذہنی، قلبی، روحانی اور جسمانی طاقتوں کا نچوڑ ہوتی ہے۔ تصنیف کیلئے عرق ریز محنت کے ساتھ جذبہ استقلال کو بھی بڑی اہمیت حاصل ہے اور روپیہ بھی کافی خرچ ہوتا ہے اس کام میں بعض اوقات سالوں کا عرصہ بھی لگ سکتا ہے۔ ایک کتاب کئی مراحل سے گزر کر مرتب ہوتی ہے۔ اس مضمون میں ان مراحل کا تعارف کروانا مقصود ہے۔

محرکات

کسی بھی چیز کی تخلیق کے مختلف محرکات ہوتے ہیں۔ چند ایک درج ذیل ہیں۔

ضرورت زمانہ، ہمدردی بنی نوع، گہرے غور و خوض کا نتیجہ، مجاز افسران کی طرف سے تفویض کی گئی ڈیوٹی اور منشاء الٰہی جسے اللہ تعالیٰ رویاء و کشوف یا بعض اشارات سے ظاہر کرتا ہے کہ اس صورت میں اسباب و سامان حیران کن طور پر پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں۔

محرک کچھ بھی ہو کوئی بھی تصنیف یا تالیف ذاتی رجحان اور ذوق وشوق کے بغیر بہترین مرتب نہیں ہوسکتی اور صلاحیتوں کا ہونا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ ہر ایک انسان کی استعدادیں ایک جیسی نہیں ہوتیں۔

ابتداء

کسی بھی تصنیف کو مرتب کرنے یا تالیف کرنے سے پہلے مصنف کو گہرے غور اور تفکر کر کے کتاب کا ایک نقشہ بنانا ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ یہ سوچے گا کہ کتاب کا موضوع کیا ہو۔ اس میں مضامین کس کس عنوان کے تحت ہوں مضامین کا مواد کہاں کہاں سے حاصل ہوسکتا ہے۔ پھر حاصل شدہ مواد سے سلیکشن، کتاب کا ڈیزائن، ٹائیٹل کس طرح کا ہو جو تصنیف کی جانے والی کتاب کے تمام مضامین کی عکاسی کرتا ہو۔ ان کے علاوہ بھی بعض باریک پہلو ہوتے ہیں جن پر بار بار غور کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ خیالات کا آپس میں موازنہ بھی کرنا پڑتا ہے۔ بعض اوقات مشاہدات کیلئے دوسری دیگر کتب بھی ملاحظہ کرنی ہوتی ہیں۔ بعض اوقات انسان جو کچھ لکھنا چاہتا ہے یا اپنی تصنیف میں پیغام دینا چاہتا ہے اس تصنیف کے مضامین کا مکمل ادراک حاصل نہیں ہوتا۔ یا یہ کہہ لیں کہ درست نتائج پر نہیں پہنچ پاتا۔ ایسے حالات میں خصوصی دعائیں معاون و ممد ثابت ہوتی ہیں۔ وہ لوگ جو تصانیف کا تجربہ رکھتے ہیں ان کی راہنمائی بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔ بہر حال نیت میں خلوص ہو تو تائیدات الٰہیہ بھی انسان کی بہت راہنمائی کرتی ہیں۔ نفلی روزے بھی انسانی بصارت کو تیز کر کے درست نتائج تک پہنچنے میں ممد ثابت ہوتے ہیں۔ الغرض تصانیف کے سلسلہ میں دعاؤں، صدقات، مجاہدات مشوروں کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ خصوصاً اس وقت جب آپ ایک دینی مقصد کے پیش نظر محض للہ کوئی کتاب تصنیف یا تالیف کر رہے ہوں۔

تحقیق

کسی بھی موضوع پر کتاب مرتب کرنے کیلئے تحقیق ضروری ہوتی ہے۔ علماء سلسلہ کے مشورے مزید آسانی پیدا کرسکتے ہیں۔ مواد کی نشان دہی کے بعد حوالہ جات کی تلاش کرنا ایک مشقت طلب مرحلہ ہے۔ جو بعض اوقات طویل بھی ہوسکتا ہے کیونکہ بعض حوالہ جات موجود کتب میں نہیں ملتے۔ جن کی مسلسل تلاش ایک جہد وجہد کو چاہتی ہے۔ پھر مشاہدات کیلئے دور دراز سفر بھی کرنے پڑتے ہیں مثال کے طور پر کسی مقام کے متعلق معلومات کسی کتاب میں درج ہیں اور وہ کتاب بہت عرصہ پہلے کی لکھی ہوئی ہے تو ممکن ہے موجودہ وقت تک ان معلومات میں کچھ تبدیلیاں بھی آچکی ہوں۔ اس لئے پھر سفر کر کے از خود مشاہدہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ تصنیف کے کام میں ذاتی تعلقات عامہ، ٹیلیفون فیکس، انٹرنیٹ، فوٹو کاپی مشین، کمپیوٹر اور دیگر ذرائع ابلاغ کا بھی کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔

ترتیب

جو مواد تحقیق کر کے حاصل کیا ہوتا ہے اب اس کی کانٹ چھانٹ کر کے، ضرورت، اہمیت اور پسندیدگی کے لحاظ سے ترتیب دینا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بات قابل نوٹ ہے کہ حوالہ جات کا خیال رکھنا از حد ضروری ہوتا ہے درست حوالہ جات ہوں بیشک عبارت ختم ہونے پر ساتھ ساتھ درج ہوں یا کتاب کے آخر میں بھی درج کئے جاسکتے ہیں۔ اس صورت میں حوالہ کا نمبر عبارت کے ختم ہونے پر دینا ہوگا۔ پیراگراف کی سب ہیڈنگ کا نام پیرا کے مفہوم کے مطابق رکھنا ابواب اور پیراگراف کو ترتیب سے رکھنا بھی ضروری ہوتا ہے تاکہ پڑھنے والوں کیلئے آسانی ہو۔ بہر حال بہترین ترتیب سے ہی کوئی مقالہ یا کتاب

بہترین شمار ہوسکتی ہے۔

تصاویر کی سیٹنگ

اگر نظریات کے ساتھ ساتھ مشاہدات کے طور پر ایسی تصاویر ہوں جو مضمون کو مزید واضح کریں تو ایسی کتب اور بھی زندہ اور پُر رونق لگتی ہیں۔ اگر اصل تصاویر مل سکیں تو یہ زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ دوسری صورت میں رسالہ جات سے بھی تصاویر سکین کروا کر کسی لیب سے Transparency یعنی فلمیں بنوائی جاسکتی ہیں۔ ان سے پھر پریس میں پلیٹیں بنتی ہیں اور آرٹ پیپر پر تصاویر کی چھپائی دلکش ہوتی ہے۔ بعض تصاویر مضمون کے لحاظ سے مصنف کے ذہن میں ہوں گی۔ ان کو کسی گرافکس ڈیزائنر کے ذریعے بنوایا جاسکتا ہے۔

کتاب کا نام اور ٹائیٹل ڈیزائن

تصنیف کا نام اور ٹائیٹل کتاب کی ظاہری شکل کہلاتے ہیں اس لئے یہ دلکش ہونے کے ساتھ ساتھ ایسے ہونے چاہئیں جو کتاب کے اندر موجود مواد کی بہترین عکاسی کرتے ہوں۔ اگر ظاہر اچھا لگے گا تو مواد پڑھنے کی رغبت بڑھتی ہے۔ ٹائیٹل مضبوط ہونے کے ساتھ ساتھ خوبصورت بھی ہونا چاہیے۔ نیز Upper Cover سے بھی کتاب کی نفاست بڑھ جاتی ہے۔ ہر کوئی اپنی اپنی مالی استطاعت کو مدنظر رکھ کر ٹائیٹل ڈیزائن کرواسکتا ہے۔

نظر ثانی

نظر ثانی کے سلسلے میں یہ اصول قابل ذکر ہے کہ جتنی بار بھی ہوسکے چیک کرتے رہنا چاہیے بلکہ کتاب کے ہر Step کے ختم ہونے پر چیک کرنا چاہیے۔ اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ بہت ساری کمی بیشیاں اور غلطیاں نظر آنے لگتی ہیں مصنف کو مختلف زاویوں سے دیکھنے اور ضروری تبدیلیاں کرنے کا موقع ملتا ہے۔ نظر ثانی کرتے وقت درج ذیل امور کے تحت چیک کریں۔

تلفظ، فقرات، پیراگراف، ترتیب، کمی بیشی، عناوین کے نام، تصاویر (اگر لگائی ہیں تو کیا وہ مضمون کے لحاظ سے رکھی ہیں)، تصاویر کے عنوانات درست ہیں۔ تمام چیزیں چیک کرنے اور درستگیاں کرنے کے بعد اب آپ اپنے لکھے اور ترتیب دیئے ہوئے مقالے کو جماعت کے ایسے بزرگ اور مستند لوگوں سے درخواست کرکے پڑھوائیں جو تصنیف کے کاموں میں تجربہ رکھتے ہوں۔

اس ضمن میں یہ بات قابل نوٹ ہے کہ ہر قسم کی تنقید کو وسیع حوصلے سے سنتے رہیں اور نوٹ کرتے رہیں۔ بعض اوقات اس تنقید پر غور کرنے سے بھی آپ اپنے مضمون میں مزید بہتری پیدا کرسکتے ہیں۔ بہرحال مختلف آراء کے پیش نظر مسودہ کے اندر تبدیلیاں یا کمی بیشی مفید ثابت ہوسکتی ہے۔

منظوری میں معاون امور

ایسے تمام مسودات جو جماعت کی تائید میں مرتب کئے جاتے ہیں اور ان کی اشاعت کروانی مقصود ہوتی ہے۔ ایسے تمام احمدی مصنفین کو نظارت اشاعت سے منظوری برائے اشاعت لینا ضروری ہوتا ہے۔

کمپوزنگ و ڈیزائننگ

